## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سارک ممالک کے سفارتکاروں کے اعزاز میں ظہرانہ

کراچی ۔۔۔12، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اسلام آباد اور کراچی میں متعین سارک ممالک کے سفارتکاروں کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔اس تقریب میں بھارت، سری لنکا اور نیپال کے ہائی کمشنرز، افغانستان کے سفیر، بنگلہ دیش کے قائمقام ہائی کمشنر، ایران اور سری لنکا کے ڈپٹی ہائی کمشنرز نے اپنے وفود کے ہمراہ شرکت کی ۔تقریب میں کراچی قونصل کے سیکریٹری احسن مختار زبیری بھی موجود تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، سینئر صوبائی وزیر سید سردار احمد، حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی ، رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری اور نائب سٹی ناظمہ کراچی بھی موجود تھیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے سارک ممالک کے سفارتکاروں کے وفد کے شرکاء کو متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے خوش آمدید کہا۔انہوں نے علاقائی مسائل کے حل ، خطے میں استحکام اور پائیدار امن کیلئے سارک ممالک کی کوششوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی تیسری سب سے بڑی سیاسی جماعت ہونے کے ناطے متحدہ قومی موومنٹ کی خواہش ہے کہ پاکستان اور اس کے ہمسائے ممالک کے درمیان بہترین تعلقات رہیں تا کہ جنوبی ایشیاء بھی دنیا کے دیگر خطوں کی طرح معاشی میدان میں آگے جا سکے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اس خطے کے عوام کو مل جل کر غربت ، ناخواندگی ، آبادی میں پھیلاؤ اور دہشت گردی کے مسائل سے نبرد آزما ہونا چاہئے ۔وفد کے ارکان نے متحدہ قومی موومنٹ کی پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سارک ممالک کے شہری اپنے اعتدال پسند رویوں سے جنوبی ایشیاء کو ترقی کی جانب لے جائیں گے۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے وفد کو متحدہ قومی موومنٹ کی سیاسی کامیابیوں ، اس کے فکر و فلسفے اور ایم کیوایم کے منشور پر مشتمل کتابچوں کے سیٹ بھی پیش کیے۔

## پاکستان کو گزشتہ 60 برس سے ایڈہاک ازم کے ذریعے چلایا جارہا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

### گلشن اقبال ریذیڈنٹ کمیٹی کے زیراہتمام منعقد اجلاس سے خطاب

### سٹی ناظم مصطفیٰ کمال اور گلشن اقبال ٹاؤن کے ناظم واسع جلیل کی اجلاس میں شرکت

کراچی ۔۔۔12، نومبر 2007ء۔۔۔گلشن اقبال ریذیڈنٹ کمیٹی کے زیراہتمام علاقے کے مسائل کے حل کیلئے حق پرست سینٹر احمد علی کی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال میں ایک جلاس منعقد کیا گیا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز ڈاکٹر فاروق ستار، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل اور نائب ناظم شعیب اختر نے شرکت کی ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کو گزشتہ 60 برس سے ایڈہاک ازم کے ذریعے چلایا جارہا ہے اور ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک کو درپیش مسائل مستقل بنیادوں پر حل کئے جائیں ۔انہوں نے کہا کہ صاف ستھری جمہوریت ، صوبائی و شہری خودمختاری جیسے مسائل کا حل فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور ملک سے مذہبی انتہاء پسندی کا خاتمیمیں ہی پوشیدہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ کراچی جو کہ اس ملک کا معاشی انجن ہے اسے مختلف سازشوں کے ذریعے بند کرنے کی کوششیں کی جارہی ہے، کراچی کا 85 فیصد فنڈ اسلام آباد کے زیراستعمال ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر وفاق ، صرف لینڈ ریونیو کی زمینیں شہری حکومت کے حوالے کردے تو ملک میں معاشی خوشحالی آسکتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ صرف دو سال کے مختصر عرصہ میں ورلڈ اکنامک فورم نے کراچی کو 7 دیگر تیز ترین ترقی کرنے والے شہروں میں شمار کیا ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان جیو پولیٹیکل و اسٹریٹیجکل پوزیشن کی وجہ سے انڈیا ، چین اور وسط ایشائی ممالک کیلئے ایک بہترین سپلائی لائن بن سکتا ہے مگر یہ اس وقت ممکن ہے جب ایوانوں میں جاگیرداروں کے بجائے غریب و متوسط طبقہ کی مخلص قیادت ہو۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کا یہ عوام کا فرض ہے کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایماندار، مخلص اور باصلاحیت قیادت منتخب کر کے ایوانوں میں بھیجیں ۔اجلاس میں سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کراچی میں کئے گئے مختلف ترقیاتی کاموں کے بارے میں بریفنگ دی جبکہ شرکاء کو کراچی کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے اور صفائی ستھرائی کے کاموں میں بہتری کیلئے 2.5 بلین ڈالرز مالیت کے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے معاہدے کی تفصیل سے بھی آگاہ کیا۔تقریب سے گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل نے بھی خطاب کیا اور ٹاؤن میں ہونے والے ترقیاتی کاموں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم ،خواتین کے یکساں حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے، ہیر اسمٰعیل سوہو، عابدہ سیف
## جامشورو میں منعقدہ شعبہ خواتین کی تربیتی نشست سے خطاب

جامشورو۔۔۔12نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ ہیر اسمٰعیل سوہر اور سابق حق پرست سینیٹر محترمہ عابدہ سیف نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ قومی اسمبلی سے حقوق نسواں بل پاس کرواکے خواتین کو ان کا جائز مقام دلایا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامشورو میں خواتین کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خواتین کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے اور ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں نہ صرف خواتین کا احترام کیا جاتا ہے بلکہ ان کو بھرپور نمائندگی بھی دی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمیشہ خواہش رہی ہے کہ خواتین ملک کی ترقی کیلئے آگے آئیں اور مردوں کے شانہ بشانہ رہ کر اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے خواتین کارکنان پر زور دیا کہ وہ ماضی کی طرح ایک بار پھر اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور گھر گھر جاکر خواتین کو حق پرستی کا پیغام عام کرنے کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کریں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایم کیوایم کے 5رکنی وفد کی پیر پگارا سے ملاقات

کراچی۔۔۔12،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے 6رکنی وفد نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں کنگری ہاؤس جاکر مسلم لیگ(ف) کے سربراہ پیر پگارا سے ملاقات کی۔وفد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری، رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی، رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی مشیر اشفاق منگی شامل تھے۔اس موقع پر مسلم لیگ(ف) کے رہنما امام الدین شوقین بھی موجود تھے۔ملاقات میں آئندہ انتخابات کیلئے ایم کیوایم اور مسلم لیگ(ف) کے درمیان باہمی تعاون کیلئے مشترکہ کوآرڈی نیشن کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جس میں ایم کیوایم کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی بابر غوری، اشفاق منگی جبکہ مسلم لیگ(ف) کی جانب سے صدر الدین شاہ، ذوالفقار علی جاموٹ اور امام الدین شوقین شامل ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے پیر پگارا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اور مسلم لیگ(ف) خوش اسلوبی کے ساتھ حکومت میں رہنے کا 5سال کا عرصہ ایک ساتھ گزار چکی ہے اور ہمارے درمیان رابطوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام، ملک کی بقاء کیلئے ملک میں مذہبی انتہاء پسندی کا خاتمہ ضروری ہے۔اس موقع پر پیر صاحب پگارا نے ایم کیوایم کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ انتخابات کیلئے ہمارا تعاون حاصل رہے گا۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پیر صاحب پگارا سے ہماری ملاقات خیر سگالی کے جذبے کے تحت ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام اور جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے انتہاء پسندی کے خلاف جدوجہد لازمی ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انتخابات کے ضمن میں زیادہ قریبی اور باقاعدہ رابطے کیلئے دونوں جماعتوں کی جانب سے کوآرڈی نیشن کمیٹی بنائی گئی ہے اور یہ کمیٹی انتخابی عمل کے دوران شرانگیزی پر نظر رکھے گی اور باہمی تعاون اور اشتراک عمل کے ساتھ کام کرے گی۔

## جماعت اسلامی گڈاپ ٹاؤن یوسف صاحب خان گوٹھ کے سابق رکن وکونسلر سید ظہیر حسین جعفری اور نورزئی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر سمیت عہدیداران کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## سازشی عناصر شہر کراچی کے امن کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے اور اس سلسلے میں دوبارہ مہاجر اور پختون فسادات کرانے کی کوشش کی جارہی ہیں، وفاقی وزیر شمیم صدیقی کا اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔12،نومبر 2007ء۔۔۔جماعت اسلامی گڈاپ ٹاؤن یوسف صاحب خان گوٹھ کے سابق رکن وکونسلر سید ظہیر حسین جعفری اور نورزئی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر گل جان، نائب صدر لالہ جان اور جنرل سیکریٹری داد محمد سمیت دیگر اراکین نے ملک کی ترقی وخوشحالی اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت یوسف صاحب خان گوٹھ گڈاپ ٹاؤن میں

منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں حق پرست وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی ، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی ۔اس موقع پر انہوں نے یوسف صاحب خان گوٹھ میں یوسی آفس کا بھی افتتاح بھی کیا۔اجتماع میں یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن کے گوٹھ سبزی منڈی، فقیرا گوٹھ، یوسف صاحب خان گوٹھ، خادم سولنگی گوٹھ، صیفل گوٹھ، لاسی گوٹھ، الہ آباد گوٹھ، وزیر گوٹھ، الآصف سکوائر سے تعلق رکھنے والے مختلف قومیتوں کے کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی نے کہا کہ حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں اور شہر میں امن وامان کی فضاء تیزی سے فروغ پا رہی ہے لیکن سازشی عناصر کو کراچی کی ترقی اور امن وامان فضاء ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر شہر کراچی کے امن کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے اور کراچی میں دوبارہ پختون مہاجر فسادات کرانے کی سازش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام باشعور اور متحد ہیں اور وہ شہر کا امن تباہ کرنے کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔اجتماع سے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے بھی خطاب کیا اور جماعت اسلامی کے سابق رکن وکونسلر اور نورزئی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر اور دیگر عہدیداران کو متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک یونٹ کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔12، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک یونٹ کی یونٹ کمیٹی کے رکن اختر کے والد رستم علی اور اور حبیب بینک یونٹ کے کارکن رئیس مصطفیٰ کے والد مصطفےٰ حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کا کی توفیق عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے بھی حبیب بینک یونٹ کی یونٹ کمیٹی کے رکن اختر کے والد رستم علی اور حبیب بینک یونٹ کے کارکن رئیس مصطفیٰ کے والد مصطفیٰ حسین کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆